آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 16 جمادی الاول 1448 بدھ 28 اکتوبر 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 195

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا احساس ہے: شہباز شریف

مالی استطاعت کے مطابق حکومت عوام کو ریلیف فراہم کر رہی ہے اور کرتی رہے گی، حکومت علاقائی بحران کے حل کیلئے بھرپور سفارتی کوششیں کر رہی ہے تاکہ صورتحال معمول پہ آسکے

موجودہ بحران کا تعلق حکومتی پالیسیوں سے نہیں بلکہ علاقائی اور بین الاقوامی حالات کے پیش نظر تیل کی قیمتوں میں اضافے سے ہے، جماعت اسلامی کے وفد سے ملاقات

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

عوام کو پیٹرولیم ریلیف دینے کیلئے حکومت اور جماعت کی مشترکہ کمیٹی تشکیل

جماعت اسلامی کے جذبے کی قدر کرتے ہیں وہ بھی عوامی ریلیف چاہتی ہے: پریس کانفرنس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی سربراہی میں خیبر پختونخوا حکومت کو بحال کیا جائے، پی ٹی آئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

پیٹرول کی قیمت میں 3 روپے سے زائد کمی، ڈیزل مہنگا

فی لیٹر پیٹرول کی نئی قیمت 376 روپے 6 پیسے فی لیٹر پر پہنچ گئی، نوٹیفکیشن جاری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23



چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری لیاری آئی اسپتال کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاک افغان سرحد پر اشتعال انگیزی: طالبان کی متعدد چیک پوسٹیں تباہ

جنوبی وزیرستان، انگور اڈہ میں افغان طالبان رجیم نے شہری آبادی کو نشانہ بنایا، فغان طالبان رجیم کے بزدلانہ حملے میں ایک ہی خاندان کے 5 افراد زخمی

پاک افغان سرحد پر افغان طالبان رجیم کی اشتعال انگیزی پر پاک فوج کی جانب سے منہ توڑ جواب دیا گیا ہے، حملے میں ایک شہری نے جام شہادت نوش کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

افریقی منڈیوں تک رسائی ناگزیر ہے: یوسف گیلانی

ایکشن پلان جلد تشکیل دینا ہوگی

پاکستان اور افریقی ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مؤثر اور آسان بنانے کے لیے جامع قانون سازی میں تعاون اور پالیسی معاونت فراہم کرے گی

سلسلے کو آگے بڑھانے کیلئے 28 اکتوبر 2026ء کو اسلام آباد میں ایک مشاورتی اجلاس منعقد کرنے کا اعلان، سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے پر تبادلہ خیال

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27



وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری بجٹ اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کراچی انڈسٹریل پارک کے قیام کی منظوری

ایس آئی ایف سی کی معاونت

صنعتی سرمایہ کاری کو مزید سہولت دینے کیلئے نجی اکنامک زونز میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کی پالیسی بھی منظور

پنجاب کے سرکاری اسپیشل اکنامک زونز اور صنعتی اسٹیٹس کیلئے نئی اراضی لیز پالیسی کی منظوری بھی دے دی گئی



سیلاب متاثرین کی بحالی: 200 گھروں کی تعمیر جنوری میں شروع: وزیر اعلیٰ سندھ

سندھ حکومت علاقے میں صحت کی سہولیات بہتر بنانے، محصولات کے نظام کو مضبوط کرنے اور سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کے گھروں کی تعمیر نو کیلئے تعاون فراہم کرے گی

امراض قلب کے اسپتال کو بہتر بنانے کیلئے این آئی سی وی ڈی معاونت فراہم کرے گا، مراد علی شاہ، سندھ حکومت متاثرہ خاندانوں کیلئے تعاون فراہم کرے گی، وزیراعلیٰ جی بی کو یقین دہانی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28



گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کشمیر یوم سیاہ کے حوالے سے ریلی میں شریک ہیں

پاکستانی اور کشمیری عوام کے رشتے اٹوٹ ہیں: فریال تالپور

شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے بھی کشمیری عوام سے یکجہتی اور ان کے جائز حقوق کی حمایت کی روایت برقرار رکھی

مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق یقینی بنایا جائے، عالمی برادری مؤثر کردار ادا کرے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال اور مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سازشیں ترقی کا سفر نہیں روک سکتیں: میئر کراچی

صالح محمد واٹر پمپنگ اسٹیشن کا افتتاح کر دیا، میمن گوٹھ، جعفر طیار، کھوکھراپار اور فردوس کالونی سمیت متعدد علاقوں کو فائدہ پہنچے گا، میئر کراچی

فلورینیشن سینٹر بھی فعال: درپیش مسائل کے باوجود دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے ان کی مشکلات حل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، مرتضیٰ وہاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

شرح خواندگی میں سندھ دوسرے نمبر پر، شرح 58 فیصد ہوگئی

صوبے میں مردوں کی شرح خواندگی 68 اور خواتین کی 47 فیصد ریکارڈ کی گئی

پنجاب 68 فیصد کے ساتھ سرفہرست، ملک کی مجموعی شرح خواندگی 63 فیصد تک پہنچ گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30

پاک افغان سرحد پر اشتعال انگیزی، سیکیورٹی فورسز کے بھرپور جواب میں طالبان کی کئی چیک پوسٹیں تباہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

سعودی فضائی حدود ہمارے حملوں کا مرکز: ترجمان حوثی

سعودیہ کے 2 مال بردار فوجی طیاروں کو مار گرانے کا دعویٰ، وزارت دفاع پر بھی حملہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

ملک بھر کے ہوائی اڈوں پر یوم سیاہ کشمیر منایا گیا

پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے زیر اہتمام یکجہتی واکس، ایک منٹ کی خاموشی اور آگاہی سرگرمیاں

کشمیری عوام کو حق خودارادیت سے محروم رکھنا عالمی انصاف پر سوالیہ نشان ہے، شازیہ مری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 342

یوم سیاہ کشمیر پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی

27 اکتوبر 1947ء کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، قائم مقام گورنر سندھ

بھارتی مظالم کشمیریوں کے جذبہ حریت کو کمزور نہیں کر سکتے، سید اویس قادر شاہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33



صوبائی وزیر برائے صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو سے ڈی جی ایف کشمیری کے فرحت شیر ملاقات کر رہے ہیں

کشمیری عوام کی آزادی کا سورج جلد طلوع ہوگا: گورنر سندھ

27 اکتوبر کشمیر کی تاریخ کا سیاہ دن ہے، عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کرے، سید محمد نہال ہاشمی

کشمیری عوام کی آزادی، وقار اور حق خودارادیت کی خواہش کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، مسئلہ کشمیر سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36



چھاؤنی ڈسٹرکٹ کراچی کے ہاتھوں افتتاح ہونے والی حسن علی ہوتی گوشت مارکیٹ اب تک صرف افتتاحی تقریب تک محدود ہے

کراچی میں کرنٹ لگنے سے خاتون جاں بحق

بلدیہ فقیر کالونی میں گھر کے اندر کام کے دوران خاتون کو بجلی کا جھٹکا لگا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

کراچی میں 3 مقامات پر آتشزدگی کے واقعات

نارتھ ناظم آباد میں نادرا میگا سینٹر کے قریب گاڑی مکمل طور پر جل گئی

پاکستانی اور کشمیری عوام کے رشتے اٹوٹ ہیں، فریال تالپور

مرکزی صدر پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کا کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت کا اعادہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

کشمیری عوام کی جدوجہد کو طاقت سے ختم نہیں کیا جاسکتا، وقار مہدی

پولیس مقابلے، 6 زخمیوں سمیت 10 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان سے اسلحہ، موٹر سائیکلیں، موبائل فونز، نقدی اور دیگر سامان برآمد

گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج، تفتیش جاری، فرار ملزمان کی تلاش جاری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

کشمیری عوام کو حق خودارادیت سے محروم رکھنا ناانصافی ہے، شاہینہ شیر علی

ایم ڈی کیٹ نتائج پر اعتراضات مسترد

کراچی ڈویژن کے 66.98 فیصد امیدواروں نے 90 یا زائد نمبر حاصل کیے

صباح الاسلام کی سروس بک میں مبینہ ردوبدل

پی ڈی اورنگی کی ریٹائرمنٹ میں پانچ روز باقی، آرڈر تاحال جاری نہ ہوسکا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38



وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے وزیراعلیٰ ہاؤس میں گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ امجد حسین آذر ملاقات کر رہے ہیں

مذاکرات جاری مگر مارچ سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، حافظ نعیم

وزیراعظم نے پیٹرولیم لیوی پر 10 دن مانگے ہیں، لانگ مارچ نومبر کے وسط میں ہوگا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

اطلاعات
ETELAAT DIGITAL
روزانہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر وزٹ کریں
dailyettelaat.com
Follow us on :
fb/Dailyettelaatkarachi



تھانہ ماڑیپور، گٹکا فروشی میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان کی شناخت امیر بخش عرف شکیل اور شاہد کے ناموں سے ہوئی

ملزمان کے قبضے 180 پڑیاں انڈین گٹکا اور 40 پڑیاں ماوا برآمد ہوا، پولیس

کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع کیماڑی تھانہ ماڑیپور پولیس کی کارروائی۔ مضر صحت گٹکا فروشی میں ملوث آئی آر سمیت ملزم سمیت دو ملزمان گرفتار۔ گرفتار ملزمان کی شناخت امیر بخش عرف شکیل اور شاہد کے ناموں سے ہوئی۔ ملزمان کے قبضے 180 پڑیاں انڈین گٹکا اور 40 پڑیاں ماوا برآمد ہوا۔ گرفتار ملزم امیر بخش عرف شکیل کے خلاف گٹکا فروشی کی انفارمیشن رپورٹ IR بھی موصول ہو چکی ہے۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

یومِ سیاہ کشمیر بھارتی قبضے اور مظالم کی یاد دلاتا ہے

حلیم عادل شیخ

اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں پر عمل درآمد اور کشمیری عوام کو حق خودارادیت دینا مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے، صدر پی ٹی آئی سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر، بھارتی قبضے اور کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کی یاد دلاتا ہے۔ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حقوق، آزادی اور حق خودارادیت کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، جن کی قربانیوں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں حلیم عادل شیخ نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947ء کو بھارتی افواج کی کشمیر میں آمد کے بعد کشمیری عوام ایک طویل جدوجہد اور مشکلات سے دوچار ہیں۔ ان کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں، شہری آزادیوں پر پابندیوں، گرفتاریوں اور سیاسی آوازوں کو دبانے کے واقعات پر تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی قوم کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے حق سے محروم نہیں رکھا جانا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

ایم ڈی کیٹ نتائج پر اعتراضات مسترد، کراچی کے امیدواروں کی کارکردگی بہتر قرار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے ایم ڈی کیٹ کے نتائج سے متعلق کراچی کے امیدواروں کی ناقص کارکردگی کے دعووں کو مسترد کرتے ہوئے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کو تفصیلی جواب ارسال کر دیا ہے۔ محکمہ صحت سندھ کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

پاکستان کی ترقی اور تعمیری اقدامات کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، سید علی عاصم رضوی

صحافی صادق علی اور سجاد حسین کی آئیڈیل پاکستان ایپا ورمنٹ فاؤنڈیشن کے چیئرمین سے ملاقات

ملاقات میں ملک کی ترقی، قومی استحکام، عوامی فلاح، بہبود اور مختلف قومی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مقامی اخبار کے واسطہ صحافی صادق علی اور کرائم رپورٹر سجاد حسین نے آئیڈیل پاکستان ایپاورمنٹ فاؤنڈیشن کے چیئرمین سید علی عاصم رضوی اور ان کی ٹیم کے ہمراہ ایک اہم ملاقات کی، جس میں ملک کی ترقی، قومی استحکام، عوامی فلاح و بہبود اور مختلف قومی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان کی تعمیر و ترقی، قومی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

تحقیق و ترقی پر سرمایہ کاری دس گنا بڑھانے کی ضرورت ہے، پروفیسر عطاالرحمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پروفیسر ایمریٹس اور سائنس و ٹیکنالوجی کے سابق وفاقی وزیر پروفیسر ڈاکٹر عطاالرحمن نے کہا ہے کہ پاکستان میں تحقیق و ترقی (آر اینڈ ڈی) پر سرمایہ کاری مجموعی قومی پیداوار کے 0.2 فیصد سے بھی کم ہے، جسے موجودہ سطح سے کم از کم دس گنا بڑھانے کی ضرورت ہے۔



ضلعی انتظامیہ گھوٹکی کے زیرِ اہتمام احتجاجی ریلی نکالی گئی

مقبوضہ جموں و کشمیر پر بھارتی قبضے اور کشمیری عوام پر جاری ظلم و بربریت کے خلاف یوم سیاہ منایا گیا

ریلی میں بھارتی مظالم اور کشمیری عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھنے کی شدید مذمت کی

گھوٹکی (بیورو رپورٹ) ملک بھر کی طرح ضلع گھوٹکی میں بھی مقبوضہ جموں و کشمیر پر بھارتی قبضے اور کشمیری عوام پر جاری ظلم و بربریت کے خلاف یوم سیاہ منایا گیا۔ ضلعی انتظامیہ گھوٹکی کے زیرِ اہتمام احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں ڈپٹی کمشنر گھوٹکی منظور احمد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر میرپور ماتھیلو سمیت محکمہ اطلاعات، صحت، تعلیم، سماجی بہبود،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانا پائیدار ترقی کیلئے ناگزیر ہے

سعید غنی

خواتین کیلئے مالیات، منڈیوں اور جدید تک رسائی بڑھانے پر زور، گھریلو اور زرعی شعبوں میں کام کرنے والی خواتین کے حقوق اور سماجی تحفظ کا موثر نفاذ ضروری ہے

خواتین کاروباری شخصیات اور کاریگروں کا عزم، تخلیقی صلاحیتیں اور محنت خاندانوں، برادریوں اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، وزیر محنت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر محنت، افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانا محض مساوات کا معاملہ نہیں بلکہ پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ خواتین کو معاشی سرگرمیوں میں عزت، تحفظ اور مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے حکومت، نجی شعبے، مالیاتی اداروں اور ترقیاتی شراکت داروں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی ہوٹل میں اقوام متحدہ کے صنعتی ترقی کے ادارے (یونیڈو)، یورپی یونین اور پائیدار (PAIDAR) کے اشتراک سے منعقدہ دو روزہ کانفرنس "شی ویژن 3.0" کے افتتاحی اجلاس سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس کے دوران سندھ کرافٹ بازار اور نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا، جس میں خواتین کاروباری شخصیات،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15



مقامی اخبار کے واسطہ صحافی صادق علی اور کرائم رپورٹر سجاد حسین، سید علی عاصم رضوی سے ملاقات کر رہے ہیں

کراچی کے عوام کو پانی کی فراہمی اولین ترجیح ہے

کرم اللہ وقاصی

پارسی کالونی کے واٹر پمپنگ اسٹیشن سے متعلق مسائل کے حوالے سے اجلاس، اراکین کونسل سے تبادلہ خیال

شہر کو منظم بنانے کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر کوششیں جاری رکھی جائیں گی، ترجمان میئر کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی ہدایت پر کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر اور ترجمان میئر کراچی کرم اللہ وقاصی نے پارسی کالونی کے واٹر پمپنگ اسٹیشن سے متعلق مسائل کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کی۔ پارلیمانی دفتر میں ہونے والے اس اجلاس میں کونسل اراکین اور مختلف یونین کونسلوں سے تعلق رکھنے والے نمائندوں سے تبادلہ خیال کیا گیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

اداکار جاوید ٹاکانی کی سالگرہ کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

جاوید ٹاکانی صاحب کو زندگی کی نئی بہار پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار

تقریب کی صدارت اور میزبانی انداز ٹی وی کے چیئرمین قمر نعیم صاحب اور نعمان مغل صاحب نے کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انداز ٹی وی چینل کے دفتر میں شوبز کی معروف شخصیت اداکار جاوید ٹاکانی صاحب کی سالگرہ کی ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ سالگرہ کی اس خوشگوار تقریب میں سیاسی، سماجی، شوبز اور صحافتی دنیا کی ممتاز شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

پاکستانی قوم کشمیری عوام کی جدوجہدِ آزادی کی حمایت جاری رکھے گی

ڈی جی KDA

27 اکتوبر 1947ء کشمیر کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، کشمیریوں کو حق خودارادیت دلانے کے لیے عالمی برادری اپنا کردار ادا کرے

زین العابدین انصاری کا یوم سیاہ کشمیر پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی، اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلے کے منصفانہ حل کے لیے عملی اقدامات پر زور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی (کے ڈی اے) زین العابدین انصاری نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

روشن تارا ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول میں تین روزہ کتابی میلے کا انعقاد

ایسے پروگرام نئی نسل کو مستقبل کے چیلنجز اور مقابلوں کے لیے تیار کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

تعلیمی اداروں میں ایسی علمی اور ادبی ثقافت متعارف کرانے کی ضرورت ہے، سید علی شاہ

گھوٹکی (رپورٹ: ایاز لطیف وانی) روشن تارا ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول گھوٹکی کی جانب سے کتاب دوستی اور مطالعے کے فروغ کے لیے تین روزہ کتابی میلے کا انعقاد کیا گیا، جس کا افتتاح اسکول کے بورڈ آف گورنرز کے ممبر سید علی رضا شاہ نے کیا۔ اس موقع پر ایک شاندار تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی ... انجمن ترقی پسند مصنفین سندھ کے صدر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4



کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس ضلع غربی میں منگھوپیر، مومن آباد اور اورنگی ٹاؤن کی ترقیاتی کارکردگی، بلدیاتی امور اور انتظامی معاملات کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس ہو رہا ہے

میر شعیب احمد شر کی سابق صوبائی وزیر عبدالباری پتافی سے ملاقات

میرپور ماتھیلو میں سیاسی رہنماؤں کی ملاقات، مستقبل کے سیاسی منظرنامے پر گفتگو

نوجوان سیاستدان میر شعیب شر کی سیاسی رابطوں اور مشاورت کے سلسلے میں اہم پیش رفت



ڈہرکی (رپورٹ: زاہد علی بھٹو) سابق ایم پی اے مرحوم سردار احمد یار خان شر کے پوتے اور ضلع گھوٹکی کے ابھرتے ہوئے نوجوان سیاستدان میر شعیب احمد شر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



انداز ٹی وی چینل کے دفتر میں شوبز کی معروف شخصیت اداکار جاوید ٹاکانی صاحب کی سالگرہ کی ایک پروقار تقریب میں لی گئی تصویر

پالیسی ریٹ 12 فیصد ہونے سے تعمیراتی صنعت مشکلات کا شکار ہوگی

حنیف گوہر

پالیسی ریٹ میں اضافے سے تعمیراتی منصوبوں کی لاگت بڑھنے کا خدشہ ہے، کیونکہ بلند شرح سود کے باعث سرمایہ حاصل کرنا مہنگا ہو جاتا ہے

معیشت کی بہتری اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے شرح سود میں اضافے کو واپس لے کر اس میں واضح کمی کی جائے، چیئرمین آباد



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے چیئرمین محمد حنیف گوہر نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے پالیسی ریٹ میں مزید 0.5 فیصد اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شرح سود بڑھ کر 12 فیصد ہونے سے تعمیراتی صنعت کو مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ معیشت کی بہتری اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے شرح سود میں اضافے کو واپس لے کر اس میں واضح کمی کی جائے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



سینئر فنکار ذوالقرنین حیدر کی شوبز جرنلسٹ وچیئرمین ایشین آرٹ کونسل اسلم محمود علوی سے ان کے آفس میں

کراچی کے عوام پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں

سید شاہی

کے فور منصوبہ برسوں بعد بھی مکمل نہ ہو سکا، شہر کو ٹینکر مافیا کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ شہریوں کے لیے گھریلو ضروریات پوری کرنا مشکل ہو گیا ہے

اگر حکومت عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہے تو اسے اقتدار میں رہنے کا کوئی حق نہیں، صدر اے این پی سندھ کا جاری بیان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے صوبائی صدر شاہی سید نے کہا ہے کہ کراچی کے عوام پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں، جبکہ شہر کو ٹینکر مافیا کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ شہریوں کے لیے گھریلو ضروریات پوری کرنا مشکل ہو گیا ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

فیروزآباد پولیس اور شاہین فورس کی کامیاب کارروائی پر شاباش

مسلح ملزمان سے پولیس مقابلے کے دوران ایک زخمی ملزم کو گرفتار کرنے اور اسلحہ و دیگر سامان برآمد کیا

کراچی (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کی جانب سے ڈی آئی جی ایسٹ اور ایس ایس پی ایسٹ کی سربراہی میں فیروزآباد پولیس اور شاہین فورس کی کامیاب کارروائی پر شاباش۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان نے شہید ملت روڈ کے قریب مسلح ملزمان سے پولیس مقابلے کے دوران ایک زخمی ملزم کو گرفتار کرنے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

کراچی میں عادی گداگر فروش گرفتار، دکانیں سیل کرنے کا فیصلہ

کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس منعقد، گراں فروشی، تجاوزات، ہوٹل سیٹنگز اور پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف مہم کا جائزہ لیا گیا

تعلیم، صحت اور ترقیات سمیت مختلف شہری سہولتوں سے متعلق سروس ڈیلیوری بہتر بنانے کے اقدامات بہتر بنانے کا فیصلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت ان کے دفتر میں ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر ... اسسٹنٹ کمشنر جنرل وقاص عباسی اور دیگر نے بھی موجود تھے۔ اجلاس میں گراں فروشی کی روک تھام، تجاوزات کے خاتمے، ہوٹل سیٹنگز اور پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف مہم اور تعلیم، صحت اور ترقیات سمیت مختلف شہری سہولتوں سے متعلق سروس ڈیلیوری کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

گھوٹکی، ایس ایچ او ماڈل تھانہ اور اس کے پرائیویٹ گارڈ بے لگام

بہاولپوری رہائشی خاتون کا ایس ایچ او اشفاق شر کے خلاف احتجاج، سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل



گھوٹکی (بیورو رپورٹ) بہاولپور کی رہائشی خاتون کا ایس ایچ او ماڈل تھانہ اور اس کے پرائیویٹ گارڈ بے لگام، شہریوں کو تنگ کرنے کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

ٹڈاپ 93 ممالک میں ترجیحی مارکیٹ رسائی میں مدد کریگا، شہریار تاج

ٹڈاپ کو صرف دو ہفتوں میں 160 درخواستیں موصول ہو چکی ہیں، ویلیو ایڈڈ برآمدات کو فروغ دیا جائیگا

چین کیساتھ آزاد تجارتی معاہدے پر نظرثانی، 10 ارب ڈالر کی ویلیو ایڈڈ برآمدات کا روڈ میپ وضع کیا جائیگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹڈاپ) کے سیکریٹری شہریار تاج نے کہا ہے کہ ٹڈاپ، ای کامرس، ویلیو ایڈیشن، ڈیجیٹل تجارتی سہولتوں، ترجیحی مارکیٹ رسائی اور نجی و سرکاری شعبے کی مضبوط شراکت داری کے ذریعے پاکستان کی برآمدات بڑھانے کے اقدامات کا اعلان کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا ہے کہ پاکستان کو اپنی تجارتی صلاحیت سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے خام اجناس کی برآمدات پر انحصار کم کر کے اپنی تجارتی صلاحیتوں کا احاطہ کرتے ہوئے برآمدات کی طرف آگے بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے دورے کے موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ٹڈاپ کے پرفیشل ٹریڈ ایکسیس ایڈوائس (پی ٹی اے ڈی) پورٹل کی 93 ممالک پر مشتمل 29 تجارتی معاہدوں کو یکجا کرتا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

27 اکتوبر کا دن کشمیری عوام کی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، سلیم نیسانی

عالمی برادری کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق دلانے کیلئے اپنا کردار ادا کرے، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے

دی ہیلپ ڈیولپمنٹ سوسائٹی کے چیئرمین محمد سلیم نیسانی کا یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر پیغام



کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین دی ہیلپ ڈیولپمنٹ سوسائٹی معروف سماجی شخصیت محمد سلیم نیسانی نے اپنے پیغام میں کہا جب 1947 میں بھارتی افواج مقبوضہ کشمیر میں داخل ہوئیں۔ بہادر کشمیری عوام کی جدوجہد، قربانیوں اور حق خودارادیت کی یاد دلاتا ہے۔ کشمیری عوام کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ مسئلہ کشمیر کا منصفانہ اور پرامن حل اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کے تحفظ اور کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق خودارادیت دلانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، اور کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کے ساتھ یکجہتی ہمارا قومی عزم ہے۔



کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر دطلعت محمود، ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے سیکریٹری شہریار تاج کو سی سی آئی کے دورے کے موقع پر یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

وی کیئر ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام بزرگ شہریوں کے لیے میلہ کارنیوال

اولڈ ایج ہوم میں مرد و خواتین بزرگ شہریوں کے لیے 50 بستروں کی گنجائش موجود ہے

میلے میں مختلف اسٹالز، تفریحی کھیلوں اور طبی معائنے کا اہتمام کیا گیا، تفریح فراہم کی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی برائے انسانی حقوق راجیو سنگھ سوفو نے کراچی میں وی کیئر ویلفیئر سوسائٹی کے اولڈ ایج ہوم میں منعقدہ میلہ کارنیوال کا افتتاح کیا۔ اولڈ ایج ہوم میں مرد و خواتین بزرگ شہریوں کے لیے 50 بستروں کی گنجائش موجود ہے۔ میلے میں مختلف اسٹالز، تفریحی کھیلوں اور طبی معائنے کا اہتمام کیا گیا، جس سے بزرگ رہائشیوں کو خوشگوار ماحول اور تفریح کے مواقع فراہم ہوئے۔

سندھ میں صنعتی ترقی، نمائش کے انعقاد کی تجویز پر غور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی جی لیگ مشیر کی فرحت اثیر نے سندھ سیکریٹریٹ میں صوبائی وزیر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

شرح سود میں اضافے سے کاروباری اخراجات بڑھنے کا خدشہ، آئی سی ایم اے

شرح سود میں اضافے سے قرضوں کی فراہمی محدود اور صنعتی سرمایہ کاری متاثر ہونے کا خدشہ

چھوٹے کاروباروں، برآمد کنندگان اور ڈیجیٹل شعبے کے لیے سستے قرضوں کی فراہمی پر زور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی ایم اے) نے اپنی 27ویں مانیٹری پالیسی اسٹیٹمنٹ ریویو میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے شرح سود میں 50 بیسس پوائنٹس اضافے کے بعد اسے 12 فیصد کرنے کے فیصلے کے معاشی اثرات کا جائزہ پیش کیا ہے۔ رپورٹ میں شرح سود کو 11.5 فیصد پر برقرار رکھنے یا 10.5 فیصد تک کم کرنے کے ممکنہ اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا ہے، تاکہ مہنگائی، کاروباری قرضوں، صنعتی ضروریات، سرمایہ کاری اور معاشی ترقی پر ان کے ممکنہ اثرات کا تعین کیا جا سکے۔ آئی سی ایم اے کے مطابق ستمبر 2026 میں مہنگائی کی شرح 10.3 فیصد تک پہنچ گئی، جبکہ مالی سال 2027 کے جولائی اور اگست کے دوران بڑی صنعتوں کی پیداوار میں 1.9 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

منعم ظفر خان کی مولانا حافظ عبدالرحمن سلفی کے انتقال پر اہل خانہ سے ملاقات و تعزیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان اور نائب امیر کراچی مسلم پرویز نے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع کورنگی کا اہم اجلاس، نعیم عبدالرحیم مغل ناظم منتخب

مفتی رفیق سلفی کی خصوصی شرکت، 15 نومبر کو اہل حدیث کانفرنس میں کراچی سے بڑا قافلہ شرکت کریگا

حرمین شریفین کی مقدس سرزمین اور مملکت توحید سعودی عرب پر حملے ناقابل برداشت ہیں، محمد رفیق سلفی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع کورنگی کا اہم اجلاس امیر ضلع مولانا حافظ یوسف ملک کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ناظم اعلیٰ ... مفتی محمد رفیق سلفی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں سرپرست اعلیٰ ضلع کورنگی حبیب الرحمن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8



مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع کورنگی کا اہم اجلاس امیر ضلع مولانا حافظ یوسف ملک کی زیر صدارت میں ہو رہا ہے

جیکب آباد میں بلدیاتی نمائندگی کا بحران

2 یوسی چیئرمین، 1 وائس چیئرمین اور 2 ضلع کونسل ممبران کی نشستیں خالی

جیکب آباد (رپورٹ: منظور احمد بلوچ) جیکب آباد میں بلدیاتی نمائندگی کا بحران، 2 یوسی چیئرمین، 1 وائس چیئرمین اور 2 ضلع کونسل ممبران کی نشستیں خالی، جبکہ بلدیات کی مجرمانہ لاپرواہی اور رپورٹس نہ بھیجنے کے باعث ضمنی انتخابات کئی ماہ سے التوا کا شکار ہیں۔ لاکھوں روپے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12



راجیو سنگھ سوفو نے کراچی میں وی کیئر ویلفیئر سوسائٹی کے اولڈ ایج ہوم میں منعقدہ میلہ کارنیوال کا افتتاح کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 01 اطلاعات

یکجہتی، معاشرتی ہم آہنگی اور ملک کو درپیش مختلف چیلنجز کے حوالے سے اظہار خیال کیا گیا۔ اس موقع پر افواج پاکستان کی ملکی سلامتی، دفاع وطن اور قومی استحکام کے لیے خدمات کو اجاگر کرنے کے حوالے سے بھی گفتگو ہوئی۔ شرکا نے اس امر پر غور کیا کہ افواج پاکستان کی قربانیوں، خدمات اور وطن سے محبت کے جذبے کو عوام تک موثر انداز میں پہنچانے کے لیے آگاہی پروگرامز، سیمینارز، مکالموں اور دیگر مثبت سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے، تاکہ نوجوان نسل اور عوام میں قومی شعور، حب الوطنی، اتحاد اور ذمہ دارانہ شہری کردار کو فروغ دیا جا سکے۔ چیئرمین آئی جی پی پاکستان ایپا اور منت فاؤنڈیشن سید علی عاصم رضوی اور ان کی ٹیم نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی ترقی، قومی یکجہتی، عوامی شعور کی بیداری اور فلاحی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مثبت اور تعمیری اقدامات کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ ملاقات میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ میڈیا، سماجی تنظیموں اور عوامی نمائندوں کے باہمی تعاون سے ایسے پروگرامز تشکیل دیے جائیں جو قومی مفاد، امن، استحکام اور پاکستان سے محبت کے پیغام کو عام کرنے میں معاون ثابت ہوں۔ ملاقات کا اختتام اس عزم کے ساتھ ہوا کہ مضبوط پاکستان، باشعور قوم اور روشن مستقبل کے لیے مشترکہ کوششوں، مثبت مکالمے اور قومی ذمہ داری کے احساس کو فروغ دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

زراعت اور ریسکیو 1122 کے افسران و ملازمین، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکا نے بھارت کے خلاف احتجاجی بینرز بھی اٹھا رکھے تھے اور مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں، بھارتی مظالم اور کشمیری عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھنے کی شدید مذمت کی۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر گھوٹکی منظور احمد کا کہنا ہے کہ 27 اکتوبر کا دن کشمیری عوام کے لیے ایک سیاہ باب کی حیثیت رکھتا ہے، یہ دن ہمیں کشمیری عوام کی طویل جدوجہد، قربانیوں اور حق خودارادیت کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی پامالی اور ان پر ڈھائے جانے والے مظالم قابل مذمت ہیں۔ عالمی برادری اور اقوام متحدہ کو چاہیے کہ وہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے اپنا موثر کردار ادا کریں اور کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت دلانے کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی اخلاقی، سفارتی حمایت جاری رکھے گی۔ یوم سیاہ منانے کا مقصد عالمی برادری کی توجہ مسئلہ کشمیر کی جانب مبذول کرانا اور کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

چیئرمین قمر نعیم صاحب اور نعمان مغل صاحب نے کی، جبکہ تقریب میں معزز مہمانوں میں۔ انداز گلگل کے ساتھی انور مندوب ایاقت علی، سماجی رہنما شہزاد یوسف پنجی، سینئر سوشل ایکٹیوسٹ اور "آپکا عارف یوٹیوب چینل" کے بانی عارف بھائی، اور خورشید میڈیا گروپ کے خورشید بھائی نے بھی خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے دوران تمام شرکا نے مل کر سالگرہ کا کیک کاٹا اور افکار جاوید تاکانی صاحب کی صحت، لمبی عمر اور مستقبل میں مزید کامیابیوں کے لیے دعا کی۔

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

ریاض شاہد دایو، مرکا شاخ گھوٹکی کے صدر ڈاکٹر محمد نواز کلوڑ، ایاز لطیف دایو اور پرنسپل حاکم علی شیخ اعزازی مہمانوں میں شامل تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ کتابوں کے بغیر زندگی ادھوری ہے۔ ایسے پروگرام نئی نسل کو مستقبل کے چیلنجز اور مقابلوں کے لیے تیار کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تقریب کے صدارتی خطاب میں سید علی رضا شاہ نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں ایسی علمی اور ادبی ثقافت متعارف کرانے کی ضرورت ہے جو نوجوانوں کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق تیار کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ادارہ روایتی بنیادوں پر کام نہیں کرتا بلکہ ہم سندھ کے شعور کو بیدار کرنے اور ایک باشعور نسل تیار کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ایسے کتابی میلوں کا انعقاد بھی اسی مقصد کا حصہ ہے۔ آغا بلاول پٹھان نے اپنے خطاب میں کہا کہ روشن تارا اسکول گھوٹکی اس وقت آئی بی اے جیسے معیاری تعلیمی ادارے کی حیثیت رکھتا ہے، جو حکومت کی جانب سے ایک روپیہ بھی مالی امداد حاصل کیے بغیر چل رہا ہے۔ ڈاکٹر محمد نواز کلوڑ نے کہا کہ موبائل فون کے بڑھتے ہوئے استعمال کے باعث نوجوان کتابوں سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

نے سابق صوبائی وزیر عبدالباری خان پتافی سے ملاقات کی، جس کے دوران ضلع گھوٹکی کی سیاسی صورتحال اور علاقے کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سیڈا (SIDA) کے چیئرمین میر بابار خان پتافی بھی موجود تھے۔ تفصیلات کے مطابق سابق صوبائی وزیر عبدالباری خان پتافی سے نوجوان سیاستدان میر شعیب خان شر نے باری پتافی ہاؤس میرپور ماتھیلو پہنچ کر ملاقات کی۔ یہ ملاقات گھوٹکی کی سیاست اور ضلع کے مستقبل کے سیاسی منظرنامے کے حوالے سے اہمیت کی حامل ہے۔ ملاقات کے دوران ضلع کی سیاسی صورتحال، عوامی امور اور علاقے کی سیاسی سرگرمیوں سمیت مختلف موضوعات پر گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر سیاسی تجربے اور نوجوانوں کے سیاست میں کردار کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ میر شعیب خان شر کی سابق صوبائی وزیر عبدالباری خان پتافی سے ملاقات کو علاقے کے سیاسی رہنماؤں کے مابین رابطوں اور سیاسی امور پر مشاورت کے سلسلے کی ایک کڑی کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ ملاقات میں سیڈا کے چیئرمین میر بابار خان پتافی کی موجودگی بھی نمایاں رہی۔

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

گے۔ انہوں نے کہا کہ پالیسی ریٹ میں اضافے سے تعمیراتی منصوبوں کی لاگت بڑھنے کا خدشہ ہے، کیونکہ بلند شرح سود کے باعث سرمایہ حاصل کرنا مہنگا ہو جاتا ہے۔ اس صورتحال میں تعمیراتی منصوبوں میں سرمایہ کاری متاثر ہونے کے ساتھ نئے منصوبوں کے آغاز میں بھی مشکلات پیش آ سکتی ہیں۔ آباد کے چیئرمین نے کہا کہ سریے کی قیمتوں میں پہلے ہی اضافہ ہو چکا ہے، جبکہ شرح سود بڑھنے کے بعد سیمنٹ، سریے اور دیگر تعمیراتی اشیا کی قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ اس سے پہلے ہی مشکلات کا شکار تعمیراتی صنعت پر دباؤ بڑھے گا اور مکانات سمیت دیگر عمارتوں کی تعمیر عام شہریوں کے لیے مزید مہنگی ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پہلے ہی تقریباً ایک کروڑ رہائشی یونٹس کی کمی ہے۔ تعمیراتی لاگت میں مسلسل اضافے کے نتیجے میں عام شہریوں کے لیے اپنا گھر خریدنا مزید مشکل ہو جائے گا اور گھر کا خواب پورا کرنا بہت سے خاندانوں کی پہنچ سے باہر ہو سکتا ہے۔ محمد حنیف گوہر نے مزید کہا کہ تعمیراتی صنعت سے 100 سے زائد دیگر صنعتیں وابستہ ہیں۔

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

ایچ او اشفاق شر کے خلاف احتجاج، سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل، متعلقہ کاسا بجھتحصیل کے سماجی تھیلو پر ماتھیلو ماڈل تھانے کے ایس ایچ او اور اس کے پرائیویٹ گارڈز کی شہریوں کے ساتھ زیادتیاں حد سے بڑھ گئیں، روزانہ بے گناہ شہریوں کو روک کر حراست میں لینا اور لوٹ مار کرنا معمول بنا لیا گیا ہے۔ اسی طرح کے ایک افسوسناک واقعے کے خلاف بہاولپور کی رہائشی مسمات شائلہ نے اپنے شوہر آصف کے ساتھ میڈیا سے بات کرتے ہوئے احتجاج کیا ہے، جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی ہے۔ متاثرہ خاتون کے مطابق وہ اپنے شوہر کے ہمراہ بہاولپور سے حیدرآباد میں ایک شادی کی تقریب میں شرکت کے لیے جا رہے تھے، جب رات کے وقت میرپور ماتھیلو بائی پاس پر ان کی گاڑی خراب ہو گئی۔ خاتون کے کہنے کے مطابق ہم گاڑی کے قریب کھڑے تھے کہ موٹر سائیکلوں پر سوار سادہ کپڑوں میں ملبوس اور سرکاری ہتھیاروں سے لیس کچھ افراد ہمارے پاس آئے اور ہم سے پوچھ گچھ کرنے لگے۔ ہم نے بتایا کہ ہم مسافر ہیں اور گاڑی خراب ہو گئی ہے کوئی مستری بلا دیں۔ متاثرین کا الزام ہے کہ ان افراد نے انہیں حراست میں لے کر ایک نامعلوم جگہ پر لے گئے جہاں پولیس کی وردیاں ٹنگی ہوئی تھیں، وہاں ایک شخص نے خود کو ماڈل تھانہ میرپور ماتھیلو کا ایس ایچ او اشفاق شر ظاہر کیا۔ اس نے ہمیں منشیات کا جھوٹا مقدمہ درج کرنے کی دھمکیاں دیں اور ہم سے تقریباً ایک لاکھ 30 ہزار روپے زبردستی لوٹ لیے اور دھمکایا کہ اگر کسی کو بتایا تو تم پر کیس درج کر دیں گے۔ متاثرہ خاتون نے روتے ہوئے کہا کہ خوف و ہراس کی وجہ سے وہ کسی کو بتائے بغیر واپس بہاولپور چلے گئے لیکن اب انہوں نے ہمت کر کے انصاف کے لیے آواز اٹھائی ہے۔ احتجاج کرنے والے جوڑے نے صوبائی وزیر قانون سندھ، آئی جی سندھ، ڈی آئی جی سکھر اور ایس ایس پی گھوٹکی سے مطالبہ کیا ہے کہ ایس ایچ او میرپور ماتھیلو ماڈل تھانہ اشفاق شر اور اس کے پرائیویٹ گارڈز کے خلاف فوری نوٹس لے کر قانونی کارروائی کی جائے اور لوٹی گئی رقم واپس دلوائی جائے۔

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

پرتاب گڑھی سمیت دیگر ذمہ داران اور اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں تنظیمی امور کا جائزہ لیا گیا اور باہمی مشاورت و اتفاق رائے سے ضلعی کابینہ میں ردوبدل کرتے ہوئے قیم عبدالرحیم مغل کو ناظم ضلع کورنگی منتخب کر لیا گیا، جبکہ عبدالقدیر داؤد کو ناظم مالیات، اکبر احمد کو نائب ناظم مالیات اور جمیل احمد کو نائب امیر ضلع کورنگی منتخب کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مفتی محمد رفیق سلفی نے کہا کہ 15 نومبر کو لاہور میں مینار پاکستان پر منعقد ہونے والی آل پاکستان اہل حدیث کانفرنس میں کراچی سے ایک بڑا قافلہ شرکت کرے گا۔ اس سلسلے میں تیاریوں کو منظم کرنے کے لیے ہر ضلع کی سطح پر کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ انہوں نے ذمہ داران پر زور دیا کہ وہ بھرپور تیاری کریں اور کارکنان و عوام کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنائیں۔ مفتی محمد رفیق سلفی نے مزید کہا کہ حرمین شریفین کی مقدس سرزمین اور مملکت توحید سعودی عرب پر حملے ناقابل برداشت ہیں۔ حرمین شریفین کا تحفظ پوری امت مسلمہ کا دینی و ملی فریضہ ہے، اور ان کے تقدس و سلامتی کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر موثر آواز بلند کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

کر فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور شہر میں امن و امان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ترجمان کراچی پولیس

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

معلومات کا ایچ ایس کوڈ درج کر کے دستیاب تجارتی رجحانات کی معلومات فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کلاب کراچی چیمبر کے ممبران کو اس پلیٹ فارم سے استفادہ کرنے میں مدد دینے کے لیے تربیتی سیشنز کا بھی انعقاد کرے گا۔ اجلاس میں چیئرمین بزنس مین گروپ زبیر موتی والا، وائس چیئرمین انجم نثار اور جاوید بلوانی، صدر کے سی سی آئی طلعت محمود، سینئر نائب صدر اسلم پکھالی، نائب صدر عاطف جمیل الرحمان اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

ادارے نے خبردار کیا کہ شرح سود میں اضافہ مہنگائی پر قابو پانے میں مدد دے سکتا ہے تاہم اس سے کاروباری اخراجات بڑھنے، قرضوں کی فراہمی محدود ہونے اور پیداواری سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی کا خدشہ بھی ہے۔ رپورٹ میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں، برآمد کنندگان اور ڈیجیٹل کاروباروں کے لیے سستے قرضوں کی فراہمی کے ساتھ توانائی اور غذائی اشیا کی رسد سے متعلق مسائل حل کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ آئی بی ایم اے نے سفارش کی ہے کہ مہنگائی پر قابو پانے کے ساتھ پائیدار معاشی ترقی کو بھی ترجیح دی جائے، جبکہ مالیاتی نظم و ضبط، بیرونی معاشی استحکام اور صنعتی مسابقت کو فروغ دینے والی پالیسیوں کے ذریعے سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع بڑھائے جائیں۔

بقیہ نمبر 12 اطلاعات

کے ماہانہ فنڈز کی ہیر پھیری اور بندر بانٹ جاری رکھنے کے لیے یوسی سیکریٹریز کی جانب سے رپورٹس دبانے کا انکشاف۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد ضلعی بلدیاتی اداروں میں اعلیٰ افسران کی غفلت اور یوسی سیکریٹریز کی مالی لوٹ مار کے باعث عوامی نمائندگی کا شدید بحران پیدا ہو چکا ہے۔ ضلع بھر میں 2 یوسی چیئرمین، 1 وائس چیئرمین اور 2 ضلع کونسل ممبران کی نشستیں طویل عرصے سے خالی پڑی ہیں، مگر الیکشن کمیشن آف پاکستان اور مقامی محکمہ بلدیات کی مجرمانہ بے حسی کی وجہ سے ان نشستوں پر ضمنی انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں ہو سکا ہے۔ موثر ذرائع اور تفصیلی رپورٹ کے مطابق جیکب آباد میں بلدیاتی عہدے مسلسل لاوارث پڑے ہیں۔ یوسی گڑھی چنڈ کے چیئرمین ارباب اکو کی وفات کو 6 ماہ بیت جانے کے باوجود ان کی نشست تاحال خالی ہے اور ضمنی الیکشن کا کوئی نام و نشان نہیں۔ یونین کونسل خلیق آباد کے چیئرمین فضل الٰہی بگلانی کے فوت ہونے کو پورا 1 سال ہو چکا ہے، جبکہ ذرائع کے مطابق مذکورہ یوسی کے وائس چیئرمین کی بھی نوکری کی اطلاعات ہیں، جس سے پوری یوسی کی قیادت ختم ہو چکی ہے۔ ضلع کونسل کی 2 نشستیں بھی خالی ہیں، خالد خان کھرانی نے یونین کونسل جانی ڈیرو جاگیر سے اور آزاد کھرانی نے یونین کونسل علی پور سے پاکستان پیپلز پارٹی کی ٹکٹ پر ضلع کونسل کے رکن منتخب ہونے کے بعد استعفیٰ دیا تھا۔ ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ خالی یونین کونسلوں میں چیئرمینوں کے نہ ہونے کا فائدہ اٹھا کر یوسی سیکریٹریز اور محکمہ بلدیات کا نچلا عملہ ماہانہ بنیادوں پر آنے والے لاکھوں روپے کے بلدیاتی فنڈز کی مبینہ طور پر ہیر پھیری کر رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نوکری یا استعفوں کی رسمی رپورٹس الیکشن کمیشن کو بروقت ارسال نہیں کی جاتیں تاکہ ضمنی الیکشن کا شیڈول جاری نہ ہو سکے اور فنڈز کا صفایا بلا خوف و

بقیہ نمبر 13 اطلاعات

بقیہ نمبر 14 اطلاعات

بقیہ نمبر 15 اطلاعات

بقیہ نمبر 16 اطلاعات

بقیہ نمبر 17 اطلاعات

بقیہ نمبر 18 اطلاعات

بقیہ نمبر 19 اطلاعات

بقیہ نمبر 20 اطلاعات

بقیہ نمبر 21 اطلاعات

بقیہ نمبر 22 اطلاعات

بقیہ نمبر 23 اطلاعات

بقیہ نمبر 24 اطلاعات

بقیہ نمبر 25 اطلاعات

بقیہ نمبر 26 اطلاعات

بقیہ نمبر 27 اطلاعات

بقیہ نمبر 28 اطلاعات

بقیہ نمبر 29 اطلاعات

بقیہ نمبر 30 اطلاعات

بقیہ نمبر 31 اطلاعات

بقیہ نمبر 32 اطلاعات

بقیہ نمبر 33 اطلاعات

بقیہ نمبر 34 اطلاعات

بقیہ نمبر 35 اطلاعات

بقیہ نمبر 36 اطلاعات

بقیہ نمبر 37 اطلاعات

بقیہ نمبر 38 اطلاعات

بقیہ نمبر 39 اطلاعات

بقیہ نمبر 40 اطلاعات

بقیہ نمبر 41 اطلاعات



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
(ادارہ اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی: سیدہ ذہیلہ سلطانہ چیف ایڈیٹر: طاہر ملک

ایڈیٹر: سیاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

پیشہ سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: حسین کمال)

دہشت گردی کا خاتمہ اور قومی عزم

جب کسی خطے میں بندوق کی آواز معمول کی زندگی کو نگلنے لگے، بازاروں کی رونق خوف کی نذر ہو جائے اور دہشت گردی کے واقعات روزمرہ بن جائیں تو مسئلہ صرف امن و امان کی خرابی تک نہیں رہتا، بلکہ ریاستی اختیار، قومی سلامتی اور اجتماعی مستقبل کے تحفظ کا بن جاتا ہے۔ خیبر پختونخوا آج اسی دوراہے پر کھڑا ہے، جہاں ایک طرف دہشت گردی کے منظم حملے ہر کسی ریاستی ڈھانچے کو چیلنج کر رہے ہیں اور دوسری طرف سیاسی گفتگو، انتظامی کمزوریاں اور عوامی محرومیاں صورت حال کو مزید پیچیدہ بنا رہی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت پشاور میں وفاقی اپیکس کمیٹی کا اجلاس اور خیبر پختونخوا کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے ایک سو ساٹھ ارب روپے کا اعلان، ان دونوں خطوں کو یہ پیغام دینے کی کوشش ہے کہ ریاست ہر محاذ پر موجود ہے اور ترقی کے ثمرات کو دہشت گردی کے سائے میں بھی عوام تک پہنچایا جائے گا۔

اس عزم کا خیرمقدم ہر محب وطن شہری کرے گا، مگر اس کے ساتھ یہ سوال بھی ناگزیر ہے کہ کیا ماضی کے تجربات سے سیکھتے ہوئے ہم ایک ایسی حکمت عملی تشکیل دے سکیں گے جو بندوق کی طاقت کو بھی شکست دے اور عام شہری کو بھی تحفظ کا احساس دلائے؟ اس سوال کا جواب صرف ایک ہے: ریاست کو اپنی طاقت کے ساتھ ساتھ اپنی ساکھ پر بھی توجہ دینی ہوگی۔ جب عوام کو یہ محسوس ہو کہ ان کے ٹیکس، ان کی قربانیوں اور ان کے صبر کا فائدہ براہِ راست ان تک پہنچ رہا ہے، تو ریاست اور شہری کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط ہوتا ہے۔ یہی اعتماد دہشت گردی کے خلاف سب سے بڑی ڈھال ثابت ہوتا ہے۔

اس تناظر میں ضلع کرم کی صورت حال بھی توجہ کی متقاضی ہے۔ وہاں حالیہ دنوں میں فرقہ وارانہ کشیدگی کے جو واقعات سامنے آئے ہیں، ان کا بروقت اور مؤثر سدباب نہ صرف امن کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ بھی ثابت کرنا ہوگا کہ ریاست کسی بھی شکل میں انتہا پسندی کو برداشت نہیں کرے گی۔ ایسے واقعات کے ذمہ داروں کو بلا تاخیر قانون کے کٹہرے میں لانا ہی وہ پیغام ہے جو خوف کے بیوپاریوں کو خاموش کر سکتا ہے۔

آخر میں یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ دہشت گردی کے خاتمے کا سب سے پائیدار راستہ وہ ہے جو نوجوان کو ہتھیار کے بجائے روزگار، تعلیم اور امید کی طرف لے جائے۔ اگر ہم نے آج ان کے لیے مواقع پیدا نہ کیے تو کل ہمیں ان کے ہاتھ میں بندوق کی قیمت چکانی پڑے گی۔ اس لیے یہ جنگ صرف سرحدوں پر نہیں، گھروں، مدرسوں اور دلوں میں بھی لڑنی ہے۔ بندوق کا جواب بندوق ہے، مگر مستقل امن کا جواب انصاف، روزگار اور برابری کے مواقع ہیں۔ اگر ریاست اس سمت میں سنجیدہ اقدامات کرے تو خیبر پختونخوا ایک بار پھر اپنے مہمان نواز اور پُرامن چہرے کے ساتھ دنیا کے سامنے آ سکتا ہے۔

کراچی پاکستان کا معاشی حب

مگر کیسے اور پانی سے محروم شہری کب تک عذاب جھیلیں گے؟



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر اور معاشی حب ہونے کا دعویٰ کرنے والے حکمرانوں کی بے حسی کے باعث اپنے معمولات جاری رکھنے میں دشواری محسوس کر رہا ہے۔ طویل لوڈشیڈنگ کے بعد اب پانی کا بحران بھی شدت اختیار کر چکا ہے۔ مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی کے اوقات کار میں کمی کر دی گئی ہے۔ بعض علاقوں میں تو پانی کئی کئی دن بند رہتا ہے۔ شہر کے بیشتر حصوں میں پانی کی فراہمی کا دورانیہ صرف 2 سے 3 گھنٹے رہ گیا ہے۔ ٹینکر مافیا کو پانی کی فراہمی کے ذمہ دار ادارے کے ایک سینئر افسر کا کہنا ہے کہ ''ہمارے پاس پانی کی کمی نہیں ہے، ہمارے پاس پانی کی تقسیم کا نظام نہیں ہے۔'' یہ بیان اس بات کا ثبوت ہے کہ ذمہ دار ادارے بھی اس بحران کی سنگینی کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔

کراچی کے شہری پانی کے بحران کی وجہ سے شدید ذہنی اذیت کا شکار ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ہر سال گرمیوں میں پانی کی قلت کا رونا رویا جاتا ہے، مگر اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے کوئی سنجیدہ کوشش نہیں کی جاتی۔ کراچی کے مکین ہر ماہ پانی کے بل کی مد میں بھاری رقم ادا کرتے ہیں، مگر انہیں بدلے میں پانی کی بوند بوند کے لیے ترسنا پڑتا ہے۔ یہ ایک ایسا ظلم ہے جس کا ازالہ ہونا چاہیے۔ کراچی کے عوام کا مطالبہ ہے کہ پانی کی فراہمی کے نظام کو فوری طور پر بہتر بنایا جائے اور ٹینکر مافیا کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

کراچی کے بحران کی ایک بڑی وجہ پانی کی چوری بھی ہے۔ بڑی تعداد میں غیر قانونی کنکشن لائنوں سے پانی چوری کیا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے قانونی صارفین کو پانی کی کم فراہمی ہوتی ہے۔ اس چوری کو روکنے کے لیے کوئی مؤثر اقدام نہیں کیا جا رہا۔ اس کے علاوہ پرانی اور بوسیدہ پائپ لائنوں کی وجہ سے بھی پانی کا بڑا ضیاع ہو رہا ہے۔ ان لائنوں کو تبدیل کرنے کے لیے بھی کوئی سنجیدہ منصوبہ نظر نہیں آتا۔ یہ سب عوامل مل کر کراچی کے شہریوں کے لیے پانی کے بحران کو مزید سنگین بنا رہے ہیں۔

کراچی کے شہری اب اس صورت حال سے تنگ آ چکے ہیں۔ وہ اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کر رہے ہیں۔ کراچی کے مختلف علاقوں میں پانی کے مسئلے پر احتجاجی مظاہرے بھی ہو چکے ہیں۔ شہری اب مزید انتظار کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ وہ اپنے حقوق کے لیے ہر ممکن قدم اٹھانے کو تیار ہیں۔ اگر حکومت نے اس مسئلے پر فوری توجہ نہ دی تو یہ مسئلہ ایک بڑے بحران کی شکل اختیار کر سکتا ہے۔ اس لیے یہ وقت ہے کہ حکومت اس مسئلے کو سنجیدگی سے لے اور اس کے حل کے لیے ٹھوس اقدامات کرے۔

معاہدہ بدر، پاکستان اور مسلم ممالک کے دفاعی تعاون کی نئی جہتیں



تحریر: سید یوسف امام
سینئر کالم نگار

دنیا میں وقت تیزی سے بدلتے ہوئے سیاسی، معاشی اور دفاعی حالات سے گزر رہی ہے، جہاں مختلف ممالک اپنے قومی مفادات کے تحفظ اور علاقائی استحکام کے لیے نئے اتحاد اور شراکت داریاں قائم کر رہے ہیں۔ مشرق وسطیٰ، جنوبی ایشیا اور جنوب مشرقی ایشیا میں دفاعی تعاون کی بڑھتی ہوئی اہمیت نے پاکستان کے لیے بھی نئے مواقع پیدا کر دیے ہیں۔ ایسے میں پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان دفاعی صنعت، تربیت اور انڈسٹریز کے شعبوں میں تعاون کو بڑھانے کے لیے ایک اہم معاہدہ طے پایا ہے، جسے ''معاہدہ بدر'' کا نام دیا گیا ہے۔ اس معاہدے کے تحت دونوں ممالک دفاعی مصنوعات کی مشترکہ تیاری، تربیتی پروگرامز اور ٹیکنالوجی کے تبادلے کو فروغ دیں گے۔ اس کے ساتھ ہی دونوں ممالک کے مسلح افواج کے درمیان مشترکہ مشقوں کا بھی آغاز ہوگا۔

یہ معاہدہ اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ یہ پہلی بار ہے کہ پاکستان کسی مسلم ملک کے ساتھ اس نوعیت کا دفاعی تعاون کر رہا ہے۔ اب تک پاکستان کے دفاعی تعاون کے زیادہ تر معاہدے مغربی ممالک کے ساتھ ہوتے رہے ہیں، جبکہ مسلم دنیا کے ساتھ اس طرح کے منظم اور طویل المدت معاہدے بہت کم رہے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ معاہدہ ایک نئی سوچ کی عکاسی کرتا ہے، جس میں مسلم ممالک اپنے وسائل اور صلاحیتوں کو مشترکہ طور پر بروئے کار لانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس معاہدے کے تحت دونوں ممالک کے درمیان دفاعی صنعت کے شعبے میں تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔ اس میں مشترکہ پیداوار، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور دفاعی سازوسامان کی برآمد و درآمد کے امور شامل ہیں۔ اس کے علاوہ تربیتی پروگرامز کے ذریعے افسران اور اہلکاروں کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے پر بھی توجہ دی جائے گی۔ مشترکہ مشقوں کے آغاز سے دونوں افواج کے درمیان رابطہ اور ہم آہنگی میں اضافہ ہوگا، جو کسی بھی مشترکہ آپریشن کی صورت میں بہت اہم ہوتا ہے۔

اس معاہدے کے پس منظر میں کئی عوامل کارفرما ہیں۔ ایک طرف پاکستان کو اپنی دفاعی صنعت کے لیے نئی منڈیوں کی تلاش ہے، جبکہ دوسری طرف انڈونیشیا کو بھی اپنی دفاعی ضروریات کے لیے قابل اعتماد شراکت داروں کی تلاش ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان اس سے قبل بھی تجارتی تعلقات موجود رہے ہیں، مگر دفاعی شعبے میں اس نوعیت کا باقاعدہ تعاون پہلی بار سامنے آیا ہے۔ اس معاہدے کے ذریعے دونوں ممالک اپنے تعلقات کو ایک نئی سطح پر لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

تاہم اس معاہدے کے کامیاب نفاذ کے لیے کچھ چیلنجز بھی موجود ہیں۔ سب سے پہلا چیلنج تو یہ ہے کہ اس معاہدے کو عملی شکل دینے کے لیے ایک مؤثر نظام قائم کیا جائے۔ دونوں ممالک کے درمیان فاصلہ بھی ایک حقیقت ہے، اس لیے مشترکہ منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لیے مؤثر رابطہ کاری ضروری ہوگی۔ اس کے علاوہ بیوروکریسی کی سطح پر بھی کچھ رکاوٹیں سامنے آ سکتی ہیں، جنہیں دور کرنا ہوگا۔ اگر ان چیلنجز پر قابو پا لیا گیا تو یہ معاہدہ دونوں ممالک کے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔

اس معاہدے کا ایک اور پہلو یہ ہے کہ یہ مسلم دنیا میں تعاون کی ایک نئی مثال قائم کر سکتا ہے۔ اگر پاکستان اور انڈونیشیا جیسے ممالک اپنے وسائل کو مشترکہ طور پر استعمال کریں تو وہ نہ صرف اپنی دفاعی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کر سکیں گے بلکہ دوسرے مسلم ممالک کے لیے بھی ایک مثال بن سکیں گے۔ اس سے مسلم دنیا میں اتحاد اور تعاون کے نئے دروازے کھل سکتے ہیں۔ تاہم، اس کے لیے سیاسی عزم اور مستقل مزاجی کی ضرورت ہوگی۔ اگر دونوں ممالک اس معاہدے کو صرف کاغذ تک محدود نہ رکھیں بلکہ اسے عملی شکل دینے کی کوشش کریں تو یہ خطے میں امن، ترقی اور خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ثابت ہو سکتا ہے۔

غربت کا شکار ہوا شکنجہ: ایندھن، مہنگائی اور آئی ایم ایف کی رسی

پاکستان کی معیشت کے بارے میں ایک بار پھر اتفاقِ رائے کا فقدان اور اختلاف کی خلیج گہری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ ایک طرف حکومت کے ذمہ داران کی جانب سے یہ دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ معیشت میں بہتری کے آثار ہیں، مہنگائی کی شرح کم ہو رہی ہے اور ملک ڈیفالٹ کے خطرے سے نکل چکا ہے، جبکہ دوسری طرف عام شہری، تاجر برادری اور ماہرین کا ایک بڑا حلقہ یہ سوال اٹھا رہا ہے کہ اگر حالات واقعی بہتر ہیں تو عام آدمی کی زندگی میں یہ بہتری کہاں دکھائی دے رہی ہے؟ یہ تضاد محض سیاسی بیانیے کا فرق نہیں بلکہ اس بات کا اشارہ ہے کہ معیشت کے اعداد و شمار اور زمینی حقیقت کے درمیان ایک گہرا فاصلہ پیدا ہو چکا ہے۔

اس بحث کا مرکز و محور مہنگائی ہے۔ گزشتہ چند برسوں میں آٹا، چینی، دالیں، گھی، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں جس تیزی سے اضافہ ہوا ہے، اس نے متوسط اور غریب طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ ایک ایسا خاندان جو کبھی باعزت طریقے سے دو وقت کی روٹی کما رہا تھا، آج اسے یہ فیصلہ کرنا پڑ رہا ہے کہ بچوں کی فیس پہلے دی جائے یا بجلی کا بل، دوا پہلے خریدی جائے یا راشن۔ یہ وہ سوال ہیں جو کسی بھی معاشی اعداد و شمار سے زیادہ طاقتور ہیں، کیونکہ یہ براہِ راست لوگوں کے روزمرہ تجربے سے جڑے ہوئے ہیں۔

آئی ایم ایف کے ساتھ طے پانے والے حالیہ پروگرام کو حکومت ایک بڑی کامیابی قرار دیتی ہے، جبکہ ناقدین کا کہنا ہے کہ اس پروگرام کی شرائط نے عام آدمی کی مشکلات میں کمی کے بجائے اضافہ کیا ہے۔ ٹیکسوں کی بھرمار، سبسڈیز کے خاتمے اور توانائی کے نرخوں میں مسلسل اضافے نے پیداواری لاگت کو اس حد تک بڑھا دیا ہے کہ کئی چھوٹے اور درمیانے کاروبار یا تو بند ہو چکے ہیں یا بند ہونے کے قریب ہیں۔ جب کاروبار بند ہوتے ہیں تو بیروزگاری بڑھتی ہے، اور یہ ایک ایسا دائرہ ہے جس سے نکلنے کا راستہ فی الحال دکھائی نہیں دیتا۔

اس صورتحال کا ایک اور تشویشناک پہلو سرمایہ کاری کا رجحان ہے۔ کوئی بھی سرمایہ کار ایسے ملک میں پیسہ لگانے سے گریز کرتا ہے جہاں پالیسی کا تسلسل نہ ہو، شرحِ سود اور ٹیکس کی شرحیں بار بار تبدیل ہوتی رہیں اور کاروبار کرنے کی لاگت ہر گزرتے دن کے ساتھ بڑھتی جائے۔ بدقسمتی سے پاکستان میں یہی کچھ ہو رہا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ نہ تو نئی سرمایہ کاری آ رہی ہے اور نہ ہی موجود سرمایہ کار اپنے منصوبوں کو توسیع دینے پر آمادہ ہیں۔ یہ جمود معیشت کو مزید کمزور کر رہا ہے۔

اس تمام صورتحال میں ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومت اعداد و شمار کے ساتھ ساتھ عوام کی حقیقی مشکلات کو بھی تسلیم کرے۔ مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لیے ایسے اقدامات کیے جائیں جو صرف کاغذ پر نہیں بلکہ بازار میں بھی نظر آئیں۔ برآمدات بڑھانے کے لیے صنعت کو سہولت دی جائے، ٹیکس نیٹ کو وسیع کیا جائے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ایسی پالیسی بنائی جائے جو کم از کم پانچ سال تک قابلِ پیش گوئی رہے۔ اگر ہر حکومت ہر سال نئی سمت اختیار کرتی رہے گی تو کوئی بھی سرمایہ کار طویل المدت منصوبہ نہیں بنائے گا۔

آخر میں یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ کسی بھی ملک کی معیشت صرف اعداد و شمار سے نہیں بلکہ اس کے لوگوں کے اعتماد سے چلتی ہے۔ جب عوام کو یہ یقین ہو کہ ان کی محنت کا پھل انہیں ملے گا، تو وہ بچت بھی کرتے ہیں، سرمایہ کاری بھی کرتے ہیں اور ملک کے لیے کچھ کرنے کا جذبہ بھی رکھتے ہیں۔ اس اعتماد کو بحال کرنا ہی اصل چیلنج ہے، اور یہ چیلنج صرف وزیرِ خزانہ کا نہیں بلکہ پوری حکومت کا ہے۔ اگر اس سمت میں سنجیدہ اقدامات نہ کیے گئے تو خدشہ ہے کہ یہ بحران مزید گہرا ہو جائے گا۔

غربت کے باعث بچے تعلیم اور مریض علاج سے محروم، ہر تیسرا شہری خط غربت سے نیچے

حکومت نئی خانہ شماری کرائے، ورلڈ بینک نے کے فیوچرز اور جوڈیشل ڈیولپمنٹ فنڈ کے تحت 2 کروڑ 80 لاکھ افراد کو بینظیر کفالت پروگرام میں شامل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق 2 کروڑ 28 لاکھ بچے اسکول سے باہر ہیں، جبکہ 5 سال سے کم عمر کے 40 فیصد بچے غذائی قلت کا شکار ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ان اعداد و شمار کے پیچھے ایک ایسا سماج ہے جو تیزی سے ٹوٹ رہا ہے۔ ایک ایسا سماج جہاں ایک بیمار بچے کا علاج کرانا یا ایک بیٹی کو اسکول بھیجنا ایک بڑا فیصلہ بن چکا ہے۔ ایک ایسا سماج جہاں ایک بیمار بچے کا علاج کرانا یا ایک بیٹی کو اسکول بھیجنا ایک بڑا فیصلہ بن چکا ہے۔

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان میں غربت کی شرح میں خطرناک حد تک اضافہ ہو گیا ہے۔ ورلڈ بینک کے فیوچرز اور جوڈیشل ڈیولپمنٹ فنڈ کے تحت 2 کروڑ 80 لاکھ افراد کو بینظیر کفالت پروگرام میں شامل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق 2 کروڑ 28 لاکھ بچے اسکول سے باہر ہیں، جبکہ 5 سال سے کم عمر کے 40 فیصد بچے غذائی قلت کا شکار ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ان اعداد و شمار کے پیچھے ایک ایسا سماج ہے جو تیزی سے ٹوٹ رہا ہے۔ ایک ایسا سماج جہاں ایک بیمار بچے کا علاج کرانا یا ایک بیٹی کو اسکول بھیجنا ایک بڑا فیصلہ بن چکا ہے۔

کراچی میں کاروباری سرگرمیاں متاثر ہونے سے ملک کو نقصان ہو رہا ہے، نعیم بھاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ہفتہ کو 28 کے تقریباً تمام بڑے بازار بند رہے۔ کراچی کے تاجروں کے مطابق ہر ہفتے کے ہڑتال کی وجہ سے کراچی میں ہونے والی خوفناک کے نقصان ہوتا ہے۔ کراچی کے تاجروں کا کہنا ہے کہ ہڑتال کی وجہ سے کراچی میں ہونے والی خوفناک کے نقصان ہوتا ہے۔ کراچی کے تاجروں کا کہنا ہے کہ ہڑتال کی وجہ سے کراچی میں ہونے والی خوفناک کے نقصان ہوتا ہے۔

عورتوں کی ہلاکتوں کے خلاف 16 روزہ مہم شروع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عورتوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے 16 روزہ مہم شروع ہو گئی۔ مہم کا آغاز ہفتہ کو ایک ریلی سے ہوا۔ ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر ساؤتھ ڈاکٹر سید محمد عاصم نے کی۔ ریلی میں مختلف سرکاری اداروں کے افسران، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کا آغاز ڈی سی آفس سے ہوا اور یہ ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی ڈی سی آفس پر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر عورتوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے حوالے سے مختلف نعرے درج تھے۔ ریلی کے شرکاء نے عورتوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے حوالے سے مختلف نعرے درج تھے۔

مدرسہ ذوالنورین کے تہہ خانے میں 15 ہزار کتب پر مشتمل لائبریری قائم



روشن وینٹیلیٹرز سے کے ہیٹرز میں ہوا صاف ہوتی رہتی ہے۔ مدرسہ ذوالنورین کے طلبہ کا کہنا ہے کہ لائبریری کا قیام ہمارے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ محمد کامران اسحاق نے کہا کہ لائبریری کے قیام سے ہمارے علم میں اضافہ ہوا ہے۔

ساتھ بہا 1946 ہم مسلسل دگرگوں حالات سے دوچار ہیں، قیصر جمیل ملک

عورتوں کے پانی پر مختکر مافیا کا راج ہے، جاوید حسین انصاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن ضلع ساؤتھ کے صدر جاوید حسین انصاری نے کہا ہے کہ 121 دن گزرنے کے باوجود ہم کراچی کے عوام کو پینے کا پانی فراہم نہیں کر سکے۔ ہم نے کراچی کے عوام کو پانی فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ ہم نے کراچی کے عوام کو پانی فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا۔

مہنگائی نے غریبوں کے چہروں سے مسکراہٹیں چھین لی۔ محمد شاہد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ضلع وسطی کے صدر محمد شاہد نے کہا ہے کہ مہنگائی نے غریبوں کے چہروں سے مسکراہٹیں چھین لی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی نے غریبوں کے چہروں سے مسکراہٹیں چھین لی ہیں۔

پاک بلوچ نے انٹر کلب ساؤتھ کپ پاکنگ جیت لی

کشمیری عوام کے موقف کی حمایت جاری رکھیں گے۔ طارق مدنی

اللہ تعالیٰ انسانیت کی خدمت کرنے والے کو پسند فرماتا ہے۔ سید افضل ندیم





یوم پاکستان کے موقع پر اسلامی یونیورسٹی سوسائٹی، ریڈی کلب اور آل پاکستان یمین یونیورسٹی کے اشتراک سے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت ڈاکٹر عبدالحق اور مہمان خصوصی مزمل حسین تھے۔